F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 03/12/2014

پریس ریلیز:

قومی اردو کونسل کے نئے وائس چیئرمین پدم شری جناب مظفر حسین کا کونسل میں استقبال کیا گیا۔

اردو کی ہمہ جہت ترقی اولین ترجیح: مظفر حسین

نئی دہلی۔ 03 دسمبر 2014, قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، حکومت ہند کے زیر اہتمام استقبالیہ تقریب کا انعقاد فروغ اردو بھون میں کیا گیا۔ یہ تقریب کونسل کے نئے وائس چیئرمین پدم شری جناب مظفر حسین کے اعزاز میں منعقد کی گئی، جس میں ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ حکومتِ ہند بالخصوص مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل محترمہ اسمرتی زبین ایرانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اردو کا فروغ رونے سے نہیں بلکہ جدید ہندوستان کی مسکراہٹوں کے ساتھ جوڑنے سے ہوگا۔ ہندوستان پوری دنیا میں اردو کا سب سے بڑا نمائندہ ہے اور اردو ہندوستان کی بیٹی ہے۔ اس لیے اردو ہندوستان کی دھڑکن کا بھی نام ہے۔

کونسل کی مجموعی خدمات اور موجودہ ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین کارکردگی کی ستائش کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ کونسل سے کمپیوٹر و دیگر علوم وفنون میں ڈپلومہ حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات آج دنیا کے مختلف ممالک میں کام کر رہے ہیں اس لیے کونسل ایسے لوگوں کا ایک جامع ڈاٹا بینک تیار کرے تاکہ عالمی سطح پر بھی اردو کے فروغ کے کارواں کو آگے بڑھایا جاسکے۔ اردو رسم الخط کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اردو کی روح اس کے رسم الخط میں ہے اس لیے اردو کی ہمہ جہت ترقی اردو کے رسم الخط کے بغیر ممکن نہیں۔ علاوہ ازیں انھوں نے کونسل کے کام کاج کا بھی جائزہ لیا اور اس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔

اس موقع پر کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے انھیں پھولوں کا گلدستہ اور ایک شال پیش کی اور کونسل کی جانب سے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انھوں نے کونسل کے اغراض و مقاصد اور اس کی کارکردگی سے وائس چیئرمین جناب مظفر حسین کو واقف کرایا۔ اس استقبالیہ تقریب میں بیگم مظفر حسین کے علاوہ پروفیسر عتیق اللہ، پروفیسر قاضی عبیدالرحمٰن ہاشمی، کونسل کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر (انتظامیہ) جناب کمل سنگھ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) محترمہ شمع کوثر یزدانی اور کونسل کے تمام افراد نے شرکت کی۔ خیال رہے کہ نئے وائس چیئرمین جناب مظفر حسین 4 دسمبر 2014 کو بوقت بارہ بجے دن فروغ اردو بھون کے کانفرنس ہال میں سرکردہ اردو شخصیات اور صحافیوں سے بھی خطاب کریں گے۔

(رابطہ عامہ سیل)